**CCE RR**

# Code No. 83-U

## Subject : SCIENCE

**( Physics, Chemistry & Biology )**

**( Urdu Version )**

**( New Syllabus )**

**( Regular Repeater )**

**عام ہدایات :**

i) سوال مع جواب کے کتابچہ میں معروضی (Objective) اورموضوعی (Subjective) قسم کے سوالوں پر مشتمل ہے جس میں 42 سوالات ہیں۔

ii) ہر معروضی قسم کے سوال کے لئے جگہ مہیا کی گئی ہے۔آ پکو صحیح جواب چُنتا ہے اور مکمل جواب اسکے حرف تہجی کے ساتھ مہیا کی گئی جگہ میں لکھنا ہے۔

iii) ہر موضوعی قسم کے سوال کے لئے کافی جگہ مہیا کی گئی ہے۔آپکو سوالوں کے جواب اسی جگہ میں لکھنا ہے۔

iv) پنسل سے جواب نہ لکھیں۔پنسل سے لکھے ہوے جوابات کی جانچ نہیں کی جائے گی (سوائے گرافوں،ڈائگراموں اور میپوں کے )۔

v) ہر ایک منتخب کے لیے صرف ایک جواب لکھیں۔

vi) معروضی اور موضوعی دونوں قسم کے سوالوں کے لئے دی گئی ہدایات کے مطابق جواب لکھیں۔

vii) کثیر انتخابی (Multiple choice)، جوڑ لگانے والے سوالوں کی حالت میں جوابات کو کُھرچنے / دوبارہ لکھنے / نشان لگانے کی اجازت نہیں ہے،ایسا کرنے سے آپکا جواب جانچ کے لئے نااہل سمجھا جائیگا۔

viii) **رف کام** کے لیے ہر صفحہ کے نیچے خالی جگہ دی گئی ہے۔

ix) سوالی پرچہ پڑھنے کے لئے '15' منٹ کا وقت الگ سے دیا گیا ہے۔

x) بائیں جانب کے حاشئے میں مہیا کردہ جگہ میں کچھ نہ لکھیں۔

CAREERINDIA



مندرجہ ذیل سوالات / نامکمل بیانات کے چار متبادل دیئے گئے ہیں۔ ان میں سے صرف ایک صحیح یا مناسب ترین ہے۔
صحیح متبادل چنیں اور ہر سوال کے لیے دی گئی جگہ مع حرف تہجی کے ساتھ مکمل جواب لکھیں۔ 10 × 1 = 10

1. لوہے کی کچ دھات ہیماٹائٹ سے لوہا حاصل کرنے کے لئے استعمال ہونے والا جوگداز ندہ (flux)

(A) کوک (B) چونے کا پتھر

(C) سلیکا (D) کیلشیم سلیکیٹ

2. مفرد ہارمونی حرکت کے لئے موزوں بیان

(A) اس حرکت کے دوران اسراع یکساں ہوتا ہے

(B) حرکت کے دوران رفتار یکساں ہوتی ہے

(C) اسراع اور رفتار خود بہ خود تبدیل ہوتے ہیں

(D) مکمل حرکت کے دوران حرکت کی سمت یکساں ہوتی ہے

3. نائٹروجن تعین کرنے والے جین کو جراثیم سے پودے میں منتقل کرنے کی ٹکنالوجی جس سے پودا نائٹروجن کی ضرورت پورا کرتا ہے۔

(A) جینٹک انجنئر نگ

(B) ڈی ین اے فنگر پرنٹ ٹکنالوجی

(C) ری کامبنٹ ڈی ین اے تکنالوجی

(D) کلوننگ

رف کام کے لئے جگہ

www.careerindia.com

CAREERINDIA




4. ذیل کے جدید میعادی جدولحصہ میں s- بلاک کے عناصر کا کچھ حصہ دیا گیا ہے۔ان کے جوہروں کی بڑھتی جسامت ترتیب کے ساتھ ان کو رکھئے :

| | |
|---|---|
| 11 Na | 12 Mg |
| 19 K | |

(A) Na, Mg, K (B) K, Na, Mg

(C) Mg, Na, K (D) Na, K, Mg

5. اس گراف سے ظاہر کی جانے والی حرکت




(A) رقاص کی حرکت جس میں حیطہ ارتعاس (Amplitude) کم ہو رہی ہے

(B) رقاص کی حرکت جس میں تعدد کی مقدار بہ تدریج گھٹتی ہے

(C) رقاص کی حرکت جس میں تعدد بہ تدریج بڑھتا ہے

(D) رقاص کی حرکت جس میں بہ تدریج وقفہ کم ہوتا ہے

رف کام کے لئے جگہ

www.careerindia.com

CAREERINDIA



6. جراثیم سے ہونے والا مرض

(A) برڈفلو (B) گونوریا

(C) ڈینگو (D) جنیٹل ہرپس

7. آرمیچر میں منقسم حلقے والا ڈائنمو بیرونی سرکٹ میں مخصوص امالی برق کا والٹیج بڑھا رہا ہے۔ اس والٹیج کو بڑھانے میں استعمال ہونے والا آلہ

(A) راست گر (B) مبدل

(C) امالی لچھا (D) اہتزاز گر

8. ایک طالب علم کو مقعر عدسے کا چشمہ استعمال کرنے پر صاف نظر آتا ہے جب وہ چشمہ استعمال نہیں کرتا ہے تو خیالی شئے کا خیال

(A) پردہ شبکہ کے سامنے بنتا ہے (B) اندھے خطہ پر بنتا ہے

(C) پردہ شبکہ کے پیچھے بنتا ہے (D) زرد خطہ پر بنتا ہے

9. ایک شخص پیتل کی شئے پر چاندی کی ملمع کاری کر رہا ہے۔ برق پاشیدائی محلول میں برق گذارنے پر بھی وہ شخص دیکھتا ہے کہ چاندی کی ملمع کاری نہں ہوئی ہے۔ اس کی غلطی کی نشاندہی کیجئے۔

(A) اس نے مرتکز چاندی کے نائیٹریٹ کا محلول استعمال کیا ہے

(B) اس نے ہلکایا چاندی کے نائٹریٹ کا محلول استعمال کیا ہے

(C) اس نے پیتل کی شئے منفیرہ کے طور پر استعمال کیا ہے

(D) اس نے چاندی کو منفیرہ کے طور پر استعمال کیا ہے

---

رف کام کے لئے جگہ

www.careerindia.com

CAREERINDIA



10. برایوفائٹس میں

(A) دونسلیں آزاد ہوتی ہیں

(B) زوجی پودے بزرہ پودوں پر منحصر ہوتے ہیں

(C) بذرہ پودے دورۂ حیات مکمل کرتے ہیں

(D) بذرہ پودے زواجی پودوں پر منحصر ہوتے ہیں

11. فہرست-$A$ میں پٹرول انجن کے دیئے گئے ضروب سے فہرست-$B$ میں دیئے گئے عمل کے ساتھ مناسب جوڑ لگا کر مہیا کی گئی جگہ میں لکھئے۔ $4 \times 1 = 4$

| | فہرست-***A*** | | فہرست-***B*** |
|---|---|---|---|
| (A) | ضرب داخل | (i) | ہوااور ایندھن کے آمیزہ کی تپش بڑھتی ہے |
| (B) | ضرب دباؤیاضرب انقباض | (ii) | ہواایندھن کے ساتھ شامل ہوتی ہے |
| (C) | ضرب اشتعال | (iii) | داخلی کھلمندن کھلتاہےاور خارجی کھلمندن بند ہوتا ہے |
| (D) | ضرب پھیلاؤ | (iv) | داخلی کھلمندن بند ہوتاہےاور خارجی کھلمندن کھلتاہے |
| | | (v) | ایندھن تیزی سے احتراق پاتاہےاور حرارت اور گیس پیدا کرتا ہے |
| | | (vi) | پیداشدہ گیسی حالت خارجی کھلمندن سے باہر خارج ہوتی ہے |
| | | (vii) | اسپارک پلگ کے ذریعہ طاقتور شرارہ پیدا ہوتا ہے |

حسب ذیل سوالات کے جواب لکھئے : $7 \times 1 = 7$

12. نیوکلیائی بھٹی میں اعتدال ساز کا کام کیا ہے ؟

13. تابکار شعاعوں میں الفاء شعاعیں انسان کے لئے کم نقصاندہ ہوتے ہیں۔ کیوں ؟

---

رف کام کے لئے جگہ

www.careerindia.com

CAREERINDIA



14. عمل تصبین (Saponification) کیا ہے ؟

15. ہم سے دور ہوتا ہوا ستارہ کا طیف ہم پر سرخ منتقلی ظاہر کرتا ہے۔ کیوں ؟

16. سالسلک ترشہ کا ساختی ضابطہ لکھئے۔

17. تقلب (Metamorphosis) کیا ہے ؟

18. *npn* ٹرانزسٹر سرکیوٹ کی علامت لکھئے۔

حسب ذیل سوالات کے جواب لکھئے : 16 × 2 = 32

19. آینی توانائی کیا ہے ؟ جدید معیاری جدول میں آینی توانائی میعاد کے لحاظ سے تبدیل ہوتی ہے۔ کیسے ؟

**یا**

مثبت برق بردار (Electropositive) جوہر کیا ہیں ؟ جدید میعادی جدول میں کس طرح مثبت برق بردار میں فرق پایا جاتا ہے ؟

20. ڈوپنگ کیا ہے ؟ *n*-قسم کے نیم موصل حاصل کرنے کے لئے استعمال ہونے والے ڈوپینٹ (آمیزشی) کی گرفت کیا ہوتی ہے ؟

**یا**

اعلیٰ موصلیت (Superconductivity) کیا ہے ؟ ایسی موصلیت کا کوئی ایک استعمال لکھیئے۔

21. HIV کی ساخت بتانے والی شکل بنایئے۔

22. کاکسائڈس اور منگولائڈس کے درمیان کوئی دو فرق لکھئے۔

---

رف کام کے لئے جگہ

www.careerindia.com

CAREERINDIA



23. سائنسی وجوہات دیجئے :

(a) موجی توانائی، بادتوانائی سے زیادہ موزوں ہوتی ہے۔

(b) توانائی کے روایتی ذرائع ماحول دوست نہیں ہوتے۔

24. قلمی سیلیکان اور غیر قلمی سیلیکان کے درمیان کوئی دو فرق لکھئے۔

25. کاغذ کی تیاری کے پہلے دو مرحلے بیان کیجئے۔

**یا**

ان شیشوں کی ایک خاص خصوصیت اور ایک استعمال لکھئے :

(a) بوروسلیکیٹ شیشہ (b) سوڈ-لائم شیشہ

26. جلدی نسیج کے کوئی چار افعال لکھئے۔

**یا**

ذیل کے فعل لکھئے :

(a) فائبروبلاسٹ (b) پلاسمہ خلیات

(c) میاکروفیجس (d) ماسٹ خلیات

27. ایک شخص ایک دیوار سے 42·5 میٹر کی دوری پر کھڑا ہوکر آواز دیتا ہے۔ اس کو کتنے سکنڈ کے بعد آواز کی گونج سنائی دیگی؟ (آواز کی رفتار 340 m/s ہے)

28. آلودگی کی وجہ سے شہروں اور قصبوں میں کیڑے مکوڑوں اور چوہوں کی تعداد بڑھ رہی ہے۔ یہ زمینی آلودگی کی علامت ہے۔ اس بیان کی وضاحت کیجئے۔

---

رف کام کے لئے جگہ

www.careerindia.com

CAREERINDIA



29. نیوکلیائی پاورتابکاردان کا قیام برقی روکو پر کرنے کا حل ہے۔ لیکن یہ خطرناک ہے'' دو وجوہات دے کر ثابت کریں۔

30. برق پاشیدگی میں استعمال ہونے والے آلات کی شکل بنایئے۔

31. ان کے سائنسی وجوہات دیجئے :

(a) بنیادی نسیج ایک سادہ دائمی نسیج ہے۔

(b) سکلی رائدس کو عام طور پر سنگی خلیات کہتے ہیں۔

**یا**

سائنسی وجوہات دیجئے :

(a) دھاری دار عضلات کو استخوانی عضلات کہتے ہیں۔

(b) غضروف میں ریشے دیکھائی نہیں دیتے۔

32. دو امتحانی نلیوں $A$ اور $B$ میں بالترتیب جست کا سلفیٹ کا محلول اور چاندی کے نائٹریٹ کا محلول لیا گیا ہے۔ دونوں امتحانی نلیوں میں تانبے کے ذرات ڈالنے پر تمہیں کس امتحانی نلی میں تعامل ہوتا نظر آئے گا ؟ تمہارے جواب کی وضاحت کیجئے۔

33. ''نسیج پروری ملک کی معیشت کو بہتر بناتی ہے۔'' وضاحت کیجئے۔

34. ہیلیم گیس سے بھرا ہوا غبارہ رفریجریٹر میں رکھا جاتا ہے تو کچھ وقفہ کے بعد آپ غبارے کی جسامت میں کیا تبدیلی محسوس کروگے۔ تمہارے جواب کی وضاحت کرنے والا کلیہ لکھئے۔

---

رف کام کے لئے جگہ



www.careerindia.com

CAREERINDIA



حسب ذیل کے جواب لکھئے : 5 × 3 = 15

35. گنے کے رس سے شکرسازی کے عمل کو بیان کیجئے۔

یا

شیرہ (Molasses) سے اتھائل الکوہل کی تیاری کا عمل بیان کیجئے۔اس عمل میں استعمال ہونے والے خامرہ کا نام لکھئے۔

36. امالی لچھے کا خاکہ بنا کر ذیل کے ناموں کی نشاندہی کیجئے :

(a) ثانوی لچھا

(b) توڑ جوڑ سوئچ

37. (a) ایک دالہ اور دودالہ نباتات کے درمیان کوئی دو فرق لکھئے۔

(b) پالی سائفونیا سرخ ہوتا ہے۔ کیوں ؟

یا

(a) چار سب فائلم ہمی کورڈیٹا، یوروکورڈیٹا، سیفالوکورڈیٹا اور ورٹی بریٹا کے درمیان نوٹو کورڈ کس طرح فرق رکھتا ہے ؟

(b) جل تھلیئے اور رینگنے والے حیوانات کے حرکتی آعضاء کے درمیان ایک فرق لکھئے۔

38. لوہے کی تحصیل میں جھکڑ بھٹی کا خاکہ بنا کر حسب ذیل حصوں کی نشاندہی کیجئے :

(a) فاضل گیس (b) پگھلا ہوا لوہا

رف کام کے لئے جگہ

www.careerindia.com

CAREERINDIA



39. زرد بیج رکھنے والے اونچے قد کے پودے ( $TTYY$ ) اور سبز بیج رکھنے والے پست قد کے پودے ( $ttyy$ ) کے درمیان پارزیرگی کی جائے تو $F_2$ نسل میں حاصل ہونے والے پودوں کو چکر بورڈ طریقے سے ظاہر کیجئے اور ڈائی ہائبرڈ نسبت لکھئے۔

حسب ذیل سوالات کے جواب لکھئے : 3 × 4 = 12

40. (a) ان بیانات کو بغور پڑھیئے اور ستاروی ارتقاء کے مرحلوں کے نام لکھئے۔

(i) بیرونی دباؤ اندرونی ثقلی قوت میں توازن پیدا کرتا ہے۔

(ii) زیادہ کثیف مادہ کے ساتھ شدید ثقل نوعی رکھنے والا ستارہ

(b) افادی سامان کیا ہے ؟ مساوات میں $R$ اور $V_{ex}$ کیا ہیں۔

راکٹ پر قوت دھکیل = $R \times V_{ex}$

یا

(a) تحفظ معیاری حرکت کا کلیہ بیان کیجئے ؟ وضاحت کیجئے کہ راکٹ کس طرح اس اصول پر کام کرتا ہے۔

(b) کہکشاں کیا ہیں ؟ سورج جس کہکشاں کا حصہ ہے اس کا نام بتایئے۔


رف کام کے لئے جگہ

www.careerindia.com

CAREERINDIA




41. (a) یہاں پر دیئے گئے باکس میں 3, 2, 1 اور 4 ہیڈروکاربنس کے نمبروں کی شناخت کرتے ہیں۔ ہر جماعت کے پہلے ممبر کا نام بتائیے :





(b) حسب ذیل ہیڈروکاربنس کے ساختی ضابطہ میں تفاعلی گروہ کے نام بتائیے اور ان ہیڈروکاربنس کے نام لکھئے:

(i)



(ii)



42. انسانی کان کی اندرونی ساخت کی شکل بنائیے اور ان حصوں کے نام لکھئے :

(a) سمعی نالی (b) کوکھلیہ

رف کام کے لئے جگہ

www.careerindia.com